NYC Buildings

NYC Department of Housing Preservation & Development

# کرایہ داروں کے لیے معلومات: عمارت کو خالی کرنے کے لیے جاری شدہ حکم

**نیو یارک شہر کی ایک ایجنسی نے عمارت کو خالی کرنے کے لیے حکم جاری کیا ہے۔ یہ دستاویز معلومات فراہم کرتی ہے کہ اس کا کیا مطلب ہے، آپ آگے کن اقدامات کی توقع کر سکتے ہیں اور مدد کیسے حاصل کی جا سکتی ہے۔**

Para obtener una copia de este folleto sobre la Orden de Desalojo que se ha emitido para su edificio, utilice el código QR al final de este documento.

للحصول على نسخة من هذا المنشور المُتعلّق بأمر الإخلاء الصادر للمبنى الخاص بك، يُرجى استخدام رمز الاستجابة السريعة (QR) في نهاية هذه الوثيقة.

আপনার ভবনের জন্য জারি করা ভ্যাকেট অর্ডার (ভবন ছেড়ে চলে যাওয়ার নির্দেশ) সংক্রান্ত এই পুস্তিকার একটি কপির জন্য, এই ডকুমেন্টের শেষে দেওয়া QR কোডটি ব্যবহার করুন।

Pour obtenir une copie de cette brochure sur l’arrêté de péril imminent qui a été prononcé pour votre bâtiment, utilisez le QR code se trouvant à la fin de ce document.

Si w vle resevwa yon kopi tiliv sa a sou Lòd pou Pati yo te pase pou bilding ou an, sèvi ak Kòd QR ki nan fen dokiman sa a.

귀 건물에 발부된 퇴거 명령과 관련된 본 팸플릿의 사본이 필요한 경우, 문서 끝에 있는 QR 코드를 사용하십시오.

Kopię niniejszej broszury dotyczącej Nakazu Opuszczenia Nieruchomości, który został wydany dla Państwa budynku, można uzyskać, skanując kod QR na końcu tego dokumentu.

Для получения копии этого буклета о Приказе об освобождении помещения, который был выдан для вашего здания, используйте QR-кд в конце этого документа.

如需有关针对您所在建筑物发布的撤离令的小册子副本，请使用本文件末尾的QR码。

آپ کی عمارت (آپ کے مکان) کو خالی کرنے کے لیے جاری شدہ حکمم کے بارے میں اس کتابچے کی ایک کاپی حاصل کرنے کے لیے، اس دستاویز کے آخر میں دئے گئے QR کوڈ کا استعمال کریں۔

## عمارت خالی کرنے کا حکم کیا ہوتا ہے؟

آپ کے اپارٹمنٹ یا عمارت کو ایک شہری ایجنسی کی طرف سے عمارت خالی کرنے کا حکم جاری ہوا تھا جس کی وجہ ایسی حالت ہے جو زندگی، عوامی سلامتی یا پراپرٹی کے لیے فوری طور پر خطرناک، پر خطر یا مضر ہے یا ہو سکتی ہے۔ VACATE ORDER (عمارت خالی کرنے کا حکم) نمایاں طور پر آپ کی عمارت پر چسپاں کیا جانا چاہیے اور اس میں عمارت خالی کرنے کے حکم کی وجہ اور عمارت خالی کرنے کا حکم جاری کرنے والی شہری ایجنسی (یا ایجنسیوں) کا نام شامل ہونا چاہیے۔ اگر آپ کے اپارٹمنٹ عمارت خالی کرنے کے حکم کی زد میں آتا ہے، تو آپ تب تک وہاں نہیں رہ سکتے جب تک ایجنسی (یا ایجنسیاں) عمارت خالی کرنے کے حکم کو ختم یا منسوخ نہیں کر دیتی۔ عمارت خالی کرنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے ایجنسی کے نام کے نیچے دیے گئے QR کوڈ کو اسکین کریں۔

**ڈیپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ پریزرویشن اینڈ ڈویلپمنٹ (Department of Housing Preservation and Development, HPD)**
کے عمارت خالی کرنے کے حکم کی معلومات کے لیے اسکین کریں:

**محکمہ عمارات (Department of Buildings, DOB)**
کے عمارت خالی کرنے کے حکم کی معلومات کے لیے اسکین کریں:

## میں کہاں قیام کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو ہنگامی پناہ گاہ کی ضرورت ہے، تو براہ مہربانی درج ذیل دیکھیں:

- **ہنگامی پناہ گاہ:** گریٹر نیو یارک میں American Cross سے 1-877-RED-CROSS (733-2767) پر رابطہ کریں، اختیار 1۔ ریڈ کراس دو راتوں تک کے لیے اہل خاندانوں کے لیے ہنگامی پناہ گاہ فراہم کر سکتا ہے۔
- **طویل مدتی پناہ گاہ:** HPD ہنگامی ہاؤسنگ سروسز (Emergency Housing Services, EHS) سے 863-7660 (212) پر رابطہ کر کے یا EHS-Remote@hpd.nyc.gov پر ای میل کر کے جانیں کہ کیا آپ کسی EHS پناہ گاہ کے مرکز میں طویل مدتی پناہ کے لیے اہل ہیں۔ اگر آپ کو معقول رہائش درکار ہے، تو آپ پناہ گاہ کی سروسز کے لیے رجسٹر کرتے وقت اپنی درخواست جمع کرا سکتے ہیں۔ اگر آپ کو عارضی رہائش کے لیے شہری مدد نہ بھی چاہیے ہو، تو پھر بھی EHS کے ساتھ رجسٹر ہونا مددگار ہو گا اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی عمارت کو خالی کرنے کا آرڈر منسوخ ہونے پر آپ کو اطلاع دی جائے (آپ کو پراپرٹی کے مالک کو بھی رابطہ معلومات فراہم کرنی چاہئیں)۔

## میں اپنا سامان کیسے حاصل کر سکتا ہوں؟

آپ کو ضروری اشیا، جیسے آپ کی ادویات اور شناخت، بازیافت کرنے کی اجازت دی جا سکتی ہے جس کا دار و مدار آپ کی عمارت کی حالت پر ہو گا۔ رسائی کے لیے اپنی عمارت کے مالک سے رابطہ کریں۔ کچھ حالات میں، یہ تعین کرنے کے لیے کہ کیا عمارت میں داخل ہونا محفوظ ہے، پراپرٹی مالکان کو NYC محکمہ عمارات (DOB) سے رابطہ قائم کرنا پڑے گا۔

## کیا شہر کی طرف سے نقدی کی صورت میں ہنگامی مدد دستیاب ہے؟

آپ آگ یا قدرتی آفت کی وجہ سے گمشدہ کپڑوں، ذاتی اشیا یا فرنیچر کے لیے NYC ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (NYC Human Resources Administration) کے ذریعے ہنگامی مدد کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن سے 718-557-1399 پر رابطہ کریں یا nyc.gov/site/hra/help/cash-assistance.page پر مزید معلومات دیکھیں۔

## میں بحران کے نظم کی معاونت تک کیسے رسائی حاصل کر سکتا ہوں؟

عمارت خالی کرنے کا عمل ذہنی تناؤ کا باعث بنتا ہے۔ بحران میں فون، ٹیکسٹ اور آن لائن چیٹ کے ذریعے دن کے 24 گھنٹے اور ہفتے کے 7 دن مفت اور رازدارانہ کونسلنگ، دماغی صحت اور منشیات کے استعمال میں معاونت، معلومات اور ریفرلز کے لیے آپ کا رابطہ 988 ہے۔ وہاں موجود روپے کی صحت کے ماہرین 200 سے زیادہ زبانوں میں آپ کو درکار سروسز سے جوڑ سکتے ہیں۔

- 988 پر کال یا ٹیکسٹ کریں
- 988lifeline.org پر آن لائن چیٹ کریں

## آگے کیا ہو گا؟

آپ کی پراپرٹی کے مالک کے لیے لازمی ہے کہ ان حالات کو درست کرے جو عمارت خالی کرنے کے حکم کی وجہ بنے ہیں۔ مالک کو یہ یقینی بنانے کے لیے کہ سارا کام بحفاظت اور ضابطہ کے مطابق ہو رہا ہے DOB کو ضروری درخواستیں جمع کرانے کے لیے لائسنس یافتہ انجینئر یا آرکیٹکٹ کی خدمات لینے کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔

حالت (حالتوں) کے ٹھیک ہونے کے بعد، پراپرٹی کے مالک کے لیے لازمی ہے کہ عمارت خالی کرنے کے حکم کے خاتمے کی درخواست کرے۔ ہر وہ شہری ایجنسی جس نے عمارت خالی کرنے کا حکم دیا تھا کام کا معائنہ کرے گی اور، اگر مناسب ہوا، تو عمارت خالی کرنے کے حکم کو منسوخ کر دے گی۔ نوٹ کریں کہ اگر ایک سے زیادہ شہری ایجنسی نے عمارت خالی کرنے کا حکم جاری کیا تھا، تو آپ کے عمارت میں دوبارہ جانے سے پہلے ہر ایجنسی کی طرف سے عمارت خالی کرنے کے اس حکم کا منسوخ ہونا لازمی ہے۔

## کیا میں اپنے اپارٹمنٹ کے حقوق کھو دوں گا؟

آپ کے حقوق دوسرے عوامل کے ساتھ ساتھ اس بنیاد پر مختلف ہوں گے کہ آیا آپ مستحکم کرایہ، کنٹرولڈ کرایہ یا مارکیٹ کی شرح کے اپارٹمنٹ میں رہتے ہیں اور یہ کہ عمارت کو کتنا نقصان پہنچا ہے۔ ہم تجویز دیتے ہیں کہ آپ NYC اور NYC ہاؤسنگ کے قوانین سے واقف کسی وکیل سے مشورہ کریں۔

اگر آپ **مستحکم کرایہ/کنٹرولڈ کرایہ** کرایہ دار ہیں، تو آپ جس عرصے کے لیے اپنے اپارٹمنٹ میں نہیں رہ سکتے اس کے لیے اپنے ماہانہ کرایہ کو قانونی طور پر 1$ فی مہینہ تک کم کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ کئی لوگ مستحکم کرایہ کے اپارٹمنٹس میں رہتے ہیں لیکن اس بارے میں نہیں جانتے۔ نیو یارک اسٹیٹ ڈویژن برائے ہاؤسنگ اور کمیونٹی کی تجدید (Division of Housing and Community Renewal, DHCR) مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔ https://hcr.ny.gov/living-conditions-and-essential-services پر DHCR کی طرف سے مزید معلومات دستیاب ہے۔

## میں وکیل کی خدمات لینے کی استطاعت نہیں رکھتا، کیا مفت قانونی سروسز کے اختیارات موجود ہیں؟

اگر آپ اٹارنی کی خدمات لینے کی استطاعت نہیں رکھتے، تو 311 پر کال کریں اور "Tenant Helpline" (کرایہ دار کی ہیلپ لائن) کا پوچھیں۔

## اگر عمارت کا مالک واپس نہ جانے کے لیے مجھے ہراساں کر رہا ہو، تو کیا کروں؟

کسی مالک کی طرف سے کرایہ داروں کو اپارٹمنٹس سے زبردستی باہر نکالنے یا ان کے حقوق سے محروم کرنے کے لیے ہراساں کرنا غیر قانونی ہے۔ اگر آپ کو ہراساں کیا جا رہا ہے تو آپ مدد کے لیے مفت قانونی سروسز بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ ہراساں کیے جانے کی مثالوں میں درج ذیل شامل ہیں، مگر ان تک محدود نہیں:

- لیز کی پیشکش نہ کرنا، لیز کی تجدید نہ کرنا یا بار بار آپ کو باہر نکلنے یا اپنے حقوق ترک کرنے ("بائی آؤٹ") کے لیے ادائیگی کرنے کی کوشش کرنا
- آپ کو اپنا سامان بازیافت کرنے کی اجازت دینے کے لیے شہری ایجنسی سے مشورہ نہ کرنا
- آپ کی تحریری اجازت حاصل کیے بغیر آپ کی ملازمت کی جگہ پر آپ سے رابطہ کر کے، آپ کو دھمکیاں دیتے ہوئے، آپ کو ڈرا دھمکا کر یا فحش زبان کا استعمال کرتے ہوئے یا بائی آؤٹ کی پیشکش کے سلسلے میں غلط معلومات فراہم کرتے ہوئے آپ کو بائی آؤٹ کی پیشکش کرنا
- بے دخلی کے بلا جواز نوٹسز یا غیر قانونی لاک آؤٹس
- دھمکیاں دینا اور ڈرانا دھمکانا (مثلاً آپ کو نکل جانے یا اپنے حقوق ترک کرنے کی ترغیب دینے کے لیے فون کالز کرنا)
- کرایہ داروں کے لیے جان بوجھ کر تعمیراتی مسائل پیدا کرنا (مثلاً اوقات کار کے بعد کام کرانا، داخلی راستوں کو بلاک کرنا یا فالتو دھول اور ملبہ وغیرہ ہٹانے میں ناکام ہونا)
- عمارت خالی کرنے کے حکم (احکام) کے تحت تقاضا کردہ مرمتیں بر وقت نہ کرنا
- جب اس عمارت یا اپارٹمنٹ میں جہاں آپ رہتے تھے کو شہر کی طرف سے رہنے کے قابل قرار دیا جائے اور عمارت خالی کرنے کا حکم منسوخ کیا جائے تو آپ کو اطلاع نہ دینا

## میں عمارت خالی کرنے کے حکم (احکام)، عمارت کی مرمتوں اور عمارت خالی کرنے کے حکم کی صورتِ حال کے بارے میں معلومات کیسے حاصل کروں؟

عمارت خالی کرنے کا حکم دینے والی ایجنسی (یا ایجنسیوں) کا نام عمارت کے داخلی دروازے پر چسپاں کیے گئے عمارت خالی کرنے کے حکم پر دیا گیا ہو گا۔ عمارت خالی کرنے کے حکم کے بارے میں تفصیلی معلومات کے لیے، بشمول:

- عمارت خالی کرنے کے حکم کے خاتمے کے لیے کیا کیا جانا چاہیے؟
- کیا میں مرمتوں کی پیش رفت ٹریک کر سکتا ہوں؟
- مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ واپس جانا کب محفوظ ہے؟

براہ مہربانی صفحہ 1 پر متعلقہ ایجنسی کے تحت QR کوڈز سے رجوع کریں۔

ہاؤسنگ کے متعلق آپ کے عمومی حقوق کے بارے میں مزید معلومات اور کرایہ داروں کے لیے اضافی وسائل کے لیے نیچے ہاؤسنگ کی بنیادی باتوں کا QR کوڈ اسکین کریں: